2722 ـ مسلمان اور كافر كي ايك دوسرے كووصيت كا حكم

سوال

مسلمان كا اپنےايك تہائي سے كم مال ميں سے كافر كووصيت كرنےكا حكم كيا ہے ، اور اس كےبرعكس كا حكم كيا ہوگا يعني كيا اگر كافر نےمسلمان شخص كےليےوصيت كي ہوتومسلمان اس كا مال قبول كرلے ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

فقہاء اسلام احناف اور حنابلہ اوراكثر شافعي متفق ہيں كہ جب مسلمان كي جانب سےكسي ذمي شخص كےليےوصيت كرے تواسےنفاذ پر متفق ہيں اور اسي طرح ذمي كي جانب سے مسلمان كےليے كي گئي وصيت بھي شرعي شروط كےساتھ نافذ كي جائےگي فقہاء نےمندرجہ ذيل فرمان باري تعالي سےاستدلال كيا ہے :

جن لوگوں نے تم سے دين كےبارہ ميں لڑائي نہيں لڑي اور تمہيں جلاوطن نہيں كيا ان كےساتھ سلوك واحسان كرنےاور منصفانہ بھلا برتاؤ كرنے اللہ تعالي تمہيں نہيں روكتا، بلكہ اللہ تعالي تو انصاف كرنےوالوں سے محبت كرتا ہے الممتحنۃ (8)

اور اس ليے كہ كفر ملكيت حاصل كرنےكي اہليت ميں كوئي مانع نہيں ، اور جس طرح كافر كي فروخت اور ہبہ كرنا جائزہے اسي طرح اس كي وصيت بھي جائزہے .

اور بعض شافعي علماء كي رائے ہے كہ ذمي كےليےوصيت اس وقت صحيح ہوگي جب اس كي تعيين كي جائے مثلا يہ كہے كہ: ميں نےفلان شخص كےليے وصيت كي ، ليكن اگر اس نےيہ كہا كہ: ميں نےيہودي يا عيسائيوں كےليے وصيت كي ... تو وصيت صحيح نہيں ہوگي ، اس ليےكہ اس نے كفر كو وصيت پر محمول كيا ہے .

اور مالكي علماء دوسروں كي موافقت كرتےہيں كہ ذمي كي مسلمان كےليے وصيت صحيح ہے ، ليكن مسلمان كي ذمي كےليے وصيت كےبارہ ميں ابن القاسم اور اشہب ايك شرط كي ساتھ جائز قرار ديتےہيں كہ جب وہ وصيت صلہ رحمي يعني رشتہ داري كي بنا پر ہو تو صحيح ہے وگرنہ مكروہ ، اس ليے كہ مسلمان كو چھوڑ كركافر كےليے وصيت تو وہي شخص كرتا ہے جس كےايمان ميں مرض ہو .

ديكھيں: الموسوعۃ الفقہيۃ (2 / 312)

آج ہم بعض مسلمانوں اور خاص کر وہ جو کفار کےممالك میں رہائش اختیار کیے ہوئے انہیں دیکھتےہیں کہ وہ اپنے مال میں سے ایك خطیر رقم یہودي اور عیسائي یا دوسري کفار کي تنظیموں کےلیے وقف کرتے اور ان کے لیےوصیت کرتےہیں اور دلیل یہ دیتےہیں کہ یہ خیراتي یا تعلیمي یا انساني تعاون کي تنظیمیں ہیں حالانکہ اس سےمسلمانوں کو کوئي فائدہ نہیں ہوتا، بلکہ اس بڑي رقم سے کفار ہي فائدہ اٹھاتےہیں اوریہ مسلمان اپنےمسلمان بھائیوں کوگھروں سےبےگھر اور بھوکے رہنےدیتےہیں دنیا میں کوئي بھي ان کي مدد وتعاون نہیں کرتا جو کہ ایمان کي کمزوري اور خاتمہ کي علامات میں سے ہے .

اور اسي طرح کفاراور ان کےمعاشرہ سےدوستي و تعاون اور ان سے خوش ہونا ہے ہم اللہ تعالي سے عافیت وسلامتي کي دعا کرتےہیں ، اللہ تعالي ہمارے نبي محمد صلي اللہ علیہ وسلم پر اپني رحمتیں برسائے .

واللہ اعلم .